ایم ایم عالم ...... ایم ایم احمد ...... کون قادیانی ...... کون مسلمان؟

وضاحت: محترم محمد مستقیم شہزاد صاحب نے قادیانیوں کے جس دجل اور فریب کی نشان دہی کی ہے وہ سو فی صد درست ہے۔ قادیانی مکتوب نگار نے ایم ایم عالم کا نام دھوکہ دہی سے قادیانیوں کی فہرست میں شامل کیا ہے۔ اور یہی ان کا مذہبی طریقۂ واردات ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ جناب ایم ایم عالم راسخ العقیدہ مسلمان ہیں اور ایم ایم احمد سکہ بند، نسلی و اصلی قادیانی۔

ادارہ محترم مستقیم صاحب کا شکر گزار ہے کہ انہوں نے اس اہم مسئلہ کی طرف متوجہ کر کے دیگر قارئین کی بھی ذہنی الجھن دور کر دی ہے (ادارہ)

محترم سید عطاء المحسن بخاری صاحب السلام علیکم و رحمتہ اللہ

آپ کی زیر ادارت شائع ہونے والا ماہنامہ "نقیب ختم نبوت" اپریل ۱۹۹۷ء کا مطالعہ کیا۔ جناب حامد میر صاحب کا کالم "سامنے تو آییئے" توجہ کا مرکز رہا۔ کیونکہ اس میں مرزا طاہر احمد کے بیان کا تراشہ بھیجنے والے قادیانی قاری نے جس انداز سے جماعت احمدیہ کی پاکستان بنانے میں حیثیت جتائی ہے اور فخر کے ساتھ ہم مذہب جرنیلوں اور سیاست دانوں کا نام لیا ہے اس سے نہ صرف پاکستان کے حساس اداروں میں تخریب و سازش کے کھیل کا عندیہ ملتا ہے بلکہ منافقت اور دین دشمنی پر پردہ ڈالنے کی گھناؤنی کوشش بھی سامنے آتی ہے۔ یہاں راقم کو جوابات مطلوب ہے۔ وہ ۱۹۶۵ء کی جنگ کے حوالے سے ان سطور میں ایم ایم عالم اسکواڈرن لیڈر پاک فضائیہ کو قادیانی ظاہر کیا گیا ہے۔ یہ بڑی تشویش ناک بات ہے کہ ایم ایم احمد سابق وزیر خزانہ (غلام احمد قادیانی کا پوتہ) کی جگہ ایم ایم عالم کا نام شائع ہونے سے ایک مسلمان کی ہمہ گیر شخصیت مجروح ہوئی ہے۔ "احمد اور عالم" کے الٹ پھیر سے قاری الجھ کر رہ گیا ہے۔ اگر واقعتاً ایم ایم عالم قادیانی ہے۔ تو کبھی آپ کے ماہنامہ میں اس کا تذکرہ کیوں نہیں کیا گیا۔ از راہ کرم اس کی وضاحت کریں تاکہ قارئین خواہ مخواہ کسی کے بارے میں غلط رائے نہ قائم کرلیں۔

میں آپ کے بھائی ماسٹر محمد علی حال مقیم کوئٹہ ریلوے ہسپتال کالونی کا دینی رفیق ہوں۔ تھوڑی سی دین کی سمجھ جو اللہ نے عطا کی ہے یہ آپ کے برادر عزیز کی تبلیغ اور اس ضمن میں جملہ مساعی کا نتیجہ ہے۔ چونکہ آپ اپنا ماہنامہ "نقیب ختم نبوت" پابندی سے انہیں ارسال فرماتے ہیں۔ لہٰذا میں اس کا قاری رہا ہوں۔ آپ کے تحریر کردہ مضامین میں آپ کے قلم کی جرأت پر آپ کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ جس نے اس خبیث جماعت (قادیانیہ) کی خوفناک سازش اور اس کے ایجنٹوں کی ریشہ دوانیوں کو طشت ازبام کیا۔ قادنیت کی بیخ کنی کے لئے آپ کے گھرانے کی مسلسل قربانی اور تاریخی جدوجہد سے آج کون واقف نہیں ہے۔ بات اتنی سی ہے کہ اس کٹھن اور صبر آزما جدوجہد میں ساتھ چلنے والے نہیں ملتے۔ بندۂ ناچیز کے لئے دعاء فرمایئے کہ کوئی اور طور نہ سہی تحریری اور زبانی ہی اس فتنے کی گوشمالی کے لئے کام کرسکوں۔ آپ کی دعاؤں کا طالب، اللہ کا بندہ محمد مستقیم شہزاد (کوئٹہ)